© rasailojaraid.com

دیدہ ور

# بلاتبصرہ

"پیر جی حجرے سے نکلے ہیں عصا تھامے ہوئے
اِک عقیدت مند کی زلفِ رسا سے کھیل کر

اِک مُریدِ خاص کی عزت سے ہو کر دُو بدُو
اِک اچھوتی نوجوانی کی حیا سے کھیل کر

اور تنہائی میں تسلیم و رضا سے کھیل کر"

(شورش کاشمیری)

## پیر مرید...... آمنے سامنے

**آپ کا رتبہ بلند ہے میری بیٹی کو اپنی بیٹی کی طرح سمجھا کریں: مرید کی درخواست**

**اپنی 25 سالہ بیٹی کا نکاح مجھ سے نہ کیا تو تمہارا گھر جلا کر بھسم کر دوں گا**

**............ 70 سالہ پیر کا جواب**

کھاریاں (نامہ نگار) ستر سالہ جعلی پیر نے مریدنی سے نکاح کا وعدہ پورا نہ کرنے پر اس کے والد کے خلاف مقامی عدالت سے رجوع کیا جبکہ معززین شہر نے پیر کو پکڑ کر پولیس کے حوالے کر دیا لیکن دو مقامی وکلاء کی ضمانت پر اسسٹنٹ کمشنر کھاریاں نے اسے رہا کر دیا محمد رمضان نے بتایا کہ 10 جنوری کو مقبول حسین شاہ ہمارے گھر آیا اور کہا کہ میں مدینہ یونیورسٹی کا پروفیسر اور پیر کرم شاہ آف بھیرہ شریف کا بھائی ہوں مجھے خواب میں حضور نبی اکرمؐ نے حکم دیا کہ تم کھاریاں میں محمد رمضان کے گھر جاؤ اور وہاں کے مکینوں کی خدمت کرو پیر مقبول کی باتوں میں آ کر میں نے یقین کر لیا اور اسے گھر میں جگہ دے کر اس کی خدمت شروع کر دی اس نے اپنے علم سے ہم پر کچھ ایسا جادو کر دیا کہ ہم اس کی محبت میں اندھے ہو گئے اور اس کے ہر سیاہ و سفید عمل کو پیر کی خوشنودی سمجھنے لگے میری دو بیٹیاں بیوی، بچے اور سب گھر والے اس کے جال میں پھنستے چلے گئے پیر کی کرامات کا چرچا ہونے لگا تو عورتوں کی لائنیں تعویذ لینے کے لئے لگ گئی پیر صاحب لوگوں کو تعویذ دیتے اور ان سے بھاری رقم کے علاوہ سونا، زیورات بھی لوٹنے لگے پیر کا بھائی تجمل ہر ہفتے بھائی کا سامان لے جاتا چند دن قبل ان کی آنکھوں میں ہوس دیکھ کر میں نے کہا کہ آپ کا رتبہ بلند ہے اس لئے میری بیٹی کو اپنی بیٹی کی طرح سمجھا کریں تو پیر بگڑ گیا اور کہا کہ اگر تم نے 25 سالہ کوثر پروین کا مجھ سے نکاح نہ کیا تو میں تمہارا گھر جلا کر بھسم کر دوں گا میں نے گھر چھوڑنے کو کہا تو اس نے مقامی عدالت میں میرے خلاف درخواست دی کہ محمد رمضان نے اپنی بیٹی کے عوض مجھ سے اسی ہزار روپے اور ایک پستول لیا ہے اور نوٹل ایک لاکھ کے عوض اس کی بیٹی کا مجھ سے نکاح ہو گا محمد رمضان نے مقامی خطیب قاضی امیر حسین سے کہا کہ میں نے اسے خدا کے واسطے جگہ دی تھی اس لئے میں مقامی خطیبوں اور انتظامیہ سے مطالبہ کرتا ہوں کہ مجھے اس جعلی پیر سے بچایا جائے۔

★ روزنامہ جنگ لاہور ★


جمعیت اہلِ سنت والجماعت کیلئے ایک عظیم علمی تحفہ

نمازِ پیمبر صلی اللہ علیہ وسلم

جس میں

• مسائل قرآن مجید، احادیث مبارکہ اور آثار صحابہؓ سے مدلل۔

• پیغمبر عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی عملی نماز کی واضح تصویر

مستند ماخذ علمی سرمایہ ... امام اعظم ... [illegible]

وحسن ترتیب

• اردو خواں حضرات کیلئے مدنی تحفہ جس کی افادیت مسلمہ ہے۔

• امام ابو حنیفہؒ کی علمی عظمت، فلسفیانہ انداز استدلال اور سنت سے والہانہ وابستگی کی ایک جھلک۔

تالیف: الشیخ محمد الیاس فیصل مدینہ منورہ

تقدیم: الشیخ محمد شفیق اسعد

سُنّی پبلی کیشنز ... لاہور

ہر اچھے بک سٹال سے با آسانی دستیاب

قیمت ۵۱.۰۰ روپے


© rasailojaraid.com